۲۰۰۰۰ بچیاں اس پروجیکٹ سے مستفید ہوں گی۔

گم ہونے والے افراد کی راہنمائی کے لئے ۹ دفاتر چوبیس گھنٹے سرگرم عمل

وہ افراد جو حرم امام رضا(ع) میں گم ہو جاتے ہیں ان کی صحیح راہنمائی کے لئے حرم امام رضا علیہ السلام کے ادارہ خدمات زائرین کے تحت ۹ دفاتر دن رات خدمات فراہم کرتے ہیں، اس وقت یہ ۹ دفاتر حرم امام رضا علیہ السلام کے صحن انقلاب اسلامی، صحن آزادی، صحن کوثر، صحن مسجد گوہر شاد، رواق دارالحجہ، رواق حضرت زہراء(س)، شیخ طوسی، شیخ طبرسی اور باب الرضا(ع) پر واقع ہیں۔ ان دفاتر میں تقریباً ۱۷۰۰ خواتین مختلف شفٹوں کی صورت میں چوبیس گھنٹے گم ہونے والے افراد کی راہنمائی کے لئے موجود رہتی ہیں، اس کے علاوہ یہ تمام دفاتر ایک نیٹ ورک سے منسلک سسٹمز کے ذریعہ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، گمشدہ افراد اپنے رشتہ داروں یا ساتھیوں کے لئے ان دفاتر میں پیغام اندراج کروا سکتے ہیں یا اپنے عزیز و اقارب کو فون کال کر سکتے ہیں اور اسی طرح اپنے موبائل فون بھی ان دفاتر میں چارج کر سکتے ہیں، ان ۹ دفاتر میں سے ۵ دفاتر ایسے ہیں جہاں مذکورہ خدمات کے علاوہ ماں اور بچے کو خصوصی خدمات دی جاتی ہیں، جن میں آرام کرنا، بچے کو دودھ پلانا، بچے کے کپڑے یا پیمپرز وغیرہ تبدیل کرنا شامل ہیں، اس طرح کی خدمات فی الحال صحن انقلاب اسلامی، صحن آزادی، صحن کوثر، شیخ طوسی اور باب الرضا(ع) پر واقع دفاتر میں فراہم کی جاتی ہیں۔

بچوں کے لئے خصوصی ہال

حرم امام رضا علیہ السلام سے وابستہ مجموعہ آستان قدس رضوی کے متولی حجت الاسلام والمسلمین احمد مروی، بچوں کے لئے خصوصی ہال بنانے کے لئے بہت زیادہ تاکید کرتے تھے، ان کی تاکیدات کو مدّنظر رکھتے ہوئے حرم امام رضا علیہ السلام کے باب الکاظم پر "رواق کودک" کے عنوان سے بچوں کے لئے خصوصی ہال بنایا گیا، اس ہال کے دو حصے ہیں ایک حصہ تین سے پانچ سال کے بچوں کے لئے ہے اور دوسرا حصہ پانچ سے نو سال کی عمر کے بچوں کے لئے بنایا گیا ہے ان دونوں حصوں میں بچوں کے لئے کھیل، پینٹنگ، سینما اور داستان وغیرہ بیان کرنے کے مختلف سیکشن بنائے گئے ہیں، سینما میں اہلبیت(ع) کے مختلف قصے خاص طور پر حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے واقعات کو بچوں کے انداز میں بیان کیا جاتا ہے، کھیل کے سیکشن میں مختلف دینی مفاہیم کے علاوہ صحیح اور غلط رفتار کو کھیل کے ذریعہ بچوں کو سکھایا جاتا ہے۔ اس حصے میں حرم امام جواد علیہ السلام کے مزار اور گنبد مطہر کو اسلامی فنون کی مدد سے بنایا گیا ہے، اس ہال میں بچوں کے لئے اور بھی بہت سارے پروگرامز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

نذر امام رضا(ع) کے ذریعہ ۲۲۲ ماؤں کی جیل سے رہائی

کرامت رضوی فاؤنڈیشن کے مرکز برائے خواتین و خاندانی امور کی کاوشوں سے "نذر امام رضا(ع)" مہم کے ذریعہ ستمبر ۲۰۲۱ سے دسمبر ۲۰۲۳ تک ملک بھر میں ۷۵۳ غیر ارادی مالی جرائم کے قیدیوں کو رہائی دلوائی گئی ہے جن میں ۵۳۱ قیدی باپ اور ۲۲۲ قیدی مائیں تھیں۔ اس مہم کے لئے "دیت کمیٹی" کے توسط سے ۵۷ بلین تومان، دیگر اداروں اور تنظیموں کے توسط سے ۹۶ بلین تومان اور آستان قدس رضوی کے توسط سے ۳۲ بلین تومان اکھٹے کئے گئے۔

خواتین کے لئے کاروباری مواقع فراہم کرنا

اس منصوبے کے تحت مشہد مقدس کے مضافات میں رہنے والی ۲۰۰۰ خواتین کو ۴ حصوں میں درجہ بندی کیا گیا ہے اور ہر حصے کے لئے انجام دیئے جانے والے اقدامات کی وضاحت کی گئی ہے، پہلے حصے میں وہ خواتین ہیں جو کاروبار کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتیں، انہیں کاروبار کی طرف راغب کرنے کے لئے تشویقی اقدامات بیان کئے گئے ہیں، دوسرے حصے میں وہ خواتین ہیں جو اپنے ہنر سے خود بھی آگاہ نہیں ہیں انہیں ان کی مہارت اور ہنر سے آگاہی دلانے کا ذکر کیا گیا ہے، تیسرے مرحلے میں وہ خواتین شامل ہیں جنہوں نے چھوٹے پیمانے پر کام شروع کئے لیکن انہیں بڑے پیمانے پر فروغ نہیں دے پائیں، ان خواتین کو کاروبار بڑھانے کے مشورے دیئے جاتے ہیں، چوتھے حصے میں وہ خواتین شامل ہیں جو باقاعدہ پیشہ ور اور کاروباری ہیں ان کے ساتھ خاندان کے وقار اور خواتین کے تحفظ سے متعلق بات چیت کی جاتی